# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذٰا ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ **انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ** کا 76 واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعہ، **27 ستمبر، 2024** صبح **10.30** بجے، درج ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کیلئے بمقام جیسمین ہال، بیچ لگژری ہوٹل، آف ایم ٹی خان روڈ، کراچی منعقد ہوگا۔ ممبرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس میں بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ شرکت کریں۔

**عمومی امور**

**مالیاتی حسابات**

۱۔ کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی حسابات (غیر مجموعی اور مجموعی) برائے سال مختتمہ 30 جون **2024** مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس، وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور ان کو منظور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 کی شرائط کے تحت اور ایس آر او نمبر 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق سالانہ رپورٹ بشمول اجلاس کی اطلاع اور کمپنی کے مالیاتی حسابات شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعے بھیج دیئے گئے ہیں اور کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں، جو درج ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے دیکھے جاسکتے ہیں:

https://iil.com.pk/en/page/investors/financial-information

2. **ڈیویڈنڈ**

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق حتمی نقد منافع بحساب 3.50 روپے فی شیئر (35%) کی ادائیگی پر غور کرنا اور منظوری دینا جو پہلے سے ادا شدہ 2.0% عبوری نقد منافع کے علاوہ ہے جس کا اعلان کیا گیا تھا اور ادا کیا جاچکا ہے، اس کو ملا کر کل منافع برائے مالی سال مختتمہ 30 جون 2024, 5.50 روپے فی شیئر (55%) ہوگا۔

**آڈیٹرز**

۳۔ کمپنی کے قانونی آڈیٹرز برائے سال مختتمہ 30 جون 2025 کا تقرر کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے، اہل ہونے کی بنیاد اپنے دوبارہ تقرر کی پیشکش کی ہے جو باہمی متفقہ فیس اور جیب خرچ کے علاوہ اصل اخراجات کی رقم واپس ادائیگی پر مبنی ہے۔

کوئی اور امور

۴۔ چیئر کی اجازت سے کسی اور امور کی انجام دہی جو سالانہ اجلاس عام میں کی جا سکے۔

بحکم بورڈ

کراچی 22 اگست 2024 انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ

ایم۔ عرفان بھٹی

کمپنی سیکرٹری اور ہیڈ آف لیگل افیئرز

## نوٹس:

**۱۔ سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ شرکت کی سہولت**

اجلاس میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل معلومات "رجسٹریشن برائے انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ AGM 2024" کے عنوان سے، مع اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی دونوں طرف کی کارآمد کاپی investors@iil.com.pk پر ای میل کریں۔ ویڈیو لنکس اور لاگ ان کا طریقہ کار انہی ممبرز کے ساتھ شیئر کیا جائے گا جن کی ای میل، تمام مطلوبہ کوائف کے ساتھ AGM کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے وصول ہو جائیں گی۔

**سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ شرکت کی سہولت کیلئے رجسٹریشن**

۱۔ فولیو نمبر / سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر / سب اکاؤنٹ نمبر ________________

۲۔ شیئر ہولڈر کا نام ________________

۳۔ موبائل فون نمبر ________________

۴۔ ای میل کا پتہ ________________

۵۔ AGM میں شرکت کے استحقاق کی تصدیق کیلئے کتب کی بندش کے پہلے روز تحویل میں موجود شیئرز کی تعداد: ________

شیئر ہولڈرز AGM کے ایجنڈا آئٹمز کے لئے اپنی آراء اور سوالات اس پتے پر ای میل کر سکتے ہیں۔

*investors@iil.com.pk*

## ۲۔ شیئرٹرانسفربکس کی بندش

ا۔ ممبران کارجسٹراورشیئرٹرانسفربکس 20 ستمبر 2024 تا 27 ستمبر 2024 (بشمول دونوں ایام) سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے استحقاق اوراعلان شدہ ڈیویڈنڈ کی وصولی کی تصدیق کیلیئے بندرہیں گی۔

## ۳۔ اے جی ایم میں شرکت اور پراکسی کا تقرر

الف۔ کوئی ممبر جوسالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اورووٹ دینے کا اہل ہے، وہ اپنی جگہ کسی دوسرے ممبرکوشرکت کرنے بولنے اورووٹ دینے کیلیئے اپنا پراکسی مقررکرنے کا حق رکھتا/رکھتی ہے۔

ب۔ پراکسی کی تقرری کی دستاویزاور پاورآف اٹارنی یاکوئی اوراتھارٹی، جس کے تحت دستخط کئے گئے ہوں یا پاورآف اٹارنی کی نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی، اجلاس کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں لازماً جمع کرائی جائیں۔ پراکسی کا فارم منسلک ہے۔

ج۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرزکوسیکورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں درج رہنماہدایات پربھی عمل کرناہوگا۔

### i) اے جی ایم میں شرکت کیلیئے

ا۔ فردواحد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈریاسب اکاؤنٹ ہولڈر، جن کی سیکورٹیزاوران کے رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) دکھاکراپنی شناخت کا ثبوت مہیاکریں۔

ب۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاورآف اٹارنی مع نامزدفرد کے نمونے کے دستخط پیش کرناہوں گے۔(اگرپہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں)

### ii) پراکسی کے تقرر کیلیئے

a۔ فردواحد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈریاسب اکاؤنٹ ہولڈر، جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، درج بالاشرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائے گا۔

b۔ بنیفیشل اونرزاور پراکسی کی CNIC کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ فراہم کرناہوں گی۔ پراکسی کواجلاس میں شرکت کے وقت اصل CNIC پیش کرناہوگا۔

### ۴۔ لازمی معلومات کی فراہمی (ای میل، سی این آئی سی، آئی بی اے این اور زکوٰۃ ڈکلریشن)

الف۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور ریگولیشن 19 کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کی پیروی میں، ممبرز سے درخواست ہے کہ اپنی لازمی معلومات جیسے سی این آئی سی نمبر، تازہ ترین ڈاک کا پتہ، ای میل، رابطے کا موبائل/ٹیلیفون نمبر اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) مع اپنے CNIC کی کاپی، ہمارے ریکارڈ میں اپ ڈیٹ کرنے اور کسی قانون کی عدم پیروی سے بچنے کیلئے درج ذیل کے مطابق فوری طور پر فراہم کریں، ورنہ کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے سیکشن 6 کی رو سے تمام ڈیویڈنڈز روک لئے جائیں گے۔

- فزیکل شیئرز کی صورت میں — میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو
- سی ڈی ایس میں شیئرز کی صورت میں — سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ سروسز یا متعلقہ شریک کو

ب۔ ممبرز سے درخواست ہے کہ زکوٰۃ سے استثنیٰ کیلئے زکوٰۃ اینڈ عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق ڈکلریشن (CZ-50) اور پتے میں کسی تبدیلی کی صورت میں، اگر ہو، تو اس کی اطلاع بھی جمع کرائیں۔

### ۵۔ غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈز اور بونس شیئرز

جو شیئر ہولڈرز کسی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ اور/ یا بونس شیئرز کلیم نہیں کر سکے ہیں، ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ اور/ یا بونس شیئرز، اگر کوئی ہے، حاصل کرنے/ ان کے بارے میں معلومات کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

### ٦۔ ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے تحت پبلک لسٹڈ کمپنی کیلئے لازم ہے کہ وہ نقد ادائیگی والے ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرونک ذریعہ سے براہ راست اہل شیئر ہولڈرز کے مقرر کردہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کرایں۔

لہٰذا اس نوٹس کے ذریعے تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور دیگر تفصیلات متعلقہ شریک کے ذریعے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اپ ڈیٹ کرادیں۔ فزیکل شیئر کی صورت میں اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فراہم کریں۔ برائے مہربانی اپنے اکاؤنٹ کی تفصیلات یقینی طور پر جلد از جلد اپ ڈیٹ کرلیں تاکہ زحمت سے بچ سکیں۔ ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم منسلک ہے۔

## ۷۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق تمام موجودہ کمپنیز کیلئے لازم ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے نفاذ کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ چار سال کے اندر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مجریہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے ایسے ممبرز کو، جن کے شیئرز ابھی تک فزیکل فارم میں ہیں، ان شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرانے کی ترغیب دیں۔

لہذا انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کے تمام ایسے ممبرز سے، جن کے پاس فزیکل فارم میں شیئرز ہیں، ہماری درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔ ان کو یہ بھی مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ سے یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی فعال ممبر/ اسٹاک بروکر سے رابطہ کر کے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اکاؤنٹ کھلوائیں تاکہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیلی کرانے کی سہولت حاصل ہو جائے۔

ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شیئرز کو بک انٹری فارم میں رکھنے کے کئی فائدے ہیں جن میں سے چند درج ذیل ہیں:

- شیئرز کی محفوظ اور باسہولت تحویل
- تجارت اور منتقل کرنے میں آسانی
- گم ہونے، نقصان پہنچنے یا چوری ہونے کا کوئی خطرہ نہیں
- شیئرز کے بک انٹری فارم میں تبدیلی پر کوئی اسٹیمپ ڈیوٹی نہیں
- بونس یا رائٹ شیئرز کا بلا رکاوٹ کریڈٹ

ہم کمپنی کے ممبرز کو ایک مرتبہ پھر بزور ہدایت کرتے ہیں کہ اپنے بہترین مفاد میں اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔

## ۸۔ فائلر اور نان فائلر کی حیثیت

i) حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ، 2024 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں کمپنیز کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی درج ذیل شرح مقرر کی ہے:

| | |
|---|---|
| a) انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلر کیلئے | 15% |
| b) انکم ٹیکس ریٹرن کے نان فائلر کیلئے | 30% |

جن ممبرز کے نام FBR کی ویب سائٹ پر فراہم کی گئی فعال ٹیکس گزاروں کی فہرست (ATL) میں شامل نہیں ہیں، اگرچہ وہ فائلر ہیں، ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے نام کو ATL میں شامل ہونے کو یقینی بنائیں تاکہ وہ ڈیویڈنڈز پر ٹیکس کی زیادہ شرح سے بچ سکیں۔

ii) کسی بھی استفسار/مسئلے/معلومات کیلئے انویسٹرز شیئر رجسٹرار سے درج ذیل فون نمبر پر یا بذریعہ ای میل ایڈریس رابطہ کر سکتے ہیں

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی

کسٹمر سپورٹ سروس نمبر: 080023275-92+ ای میل info@cdcsrsl.com

iii) سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اپنے متعلقہ شرکاء کے پاس نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپ ڈیٹ رکھیں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی کاپی شیئر رجسٹرار، یعنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز کو چاہیئے کہ وہ NTN یا NTN سرٹیفکیٹس، جو بھی صورت ہو، بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر ضرور درج کریں۔

## ۹۔ الیکٹرونک ذریعہ سے ووٹنگ

ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 145-143 میں درج شرائط کے مطابق اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018، ترمیم شدہ بذریعہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کے نوٹیفکیشن مورخہ 5 دسمبر، 2022، جس میں SECP نے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ خصوصی امور کے تحت مختص تمام کاروباروں کیلئے ممبرز کو ان کے الیکٹرونک ووٹنگ یا بذریعہ ڈاک ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کی سہولت فراہم کریں۔

لہذا کسی بھی خصوصی امر کی منظوری کیلئے انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کے ممبران کو، جب بھی ضرورت پڑی، الیکٹرونک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کی سہولتیں مروجہ قوانین کے تحت مہیا کی جائیں گی۔